14-03-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆نئی دہلی میں آج اعلیٰ سطحی کمیٹی نے ون نیشن ون الیکشن پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو اپنی رپورٹ پیش کی۔

☆مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا کہ شہریت ترمیمی ایکٹ، شہریت فراہم کرنے کے حقوق عطا کرتا ہے نہ کہ کسی کی شہریت سلب کرتا ہے۔

☆مرکزی وزیر روڈ ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز نتن گڈکری نے تلنگانہ کیلئے 850 کروڑ روپئے شاہراہوں کی توسیع اور اس کے کاموں کیلئے 31 اسٹیٹ روڈ پراجکٹس کے تحت منظور کیے ہیں۔

☆وزیر اعظم نریندر مودی ریاست تلنگانہ میں انتخابی مہم چلائیں گے۔کل وہ دو عوامی اجلاس کو مخاطب کریں گے۔

☆☆☆☆☆

آڈرینینس فیکٹری میدک OFM جو کہ آرمورڈ وہیکلیس نیگم لمیٹڈ سے تعلق رکھتا ہے نہ انڈیا آرمی کے ساتھ 693 MBP -II وہیکلس کو BMP - IIM اسٹینڈرڈ میں اپ گریڈ کرنے کیلئے رابطہ میں ہے۔جس کے ذریعہ آٹو ٹارگیٹنگ سسٹم اور فائر کنٹرول سسٹم کو مضبوط بنانا ہے۔نئی دہلی کے سینا بھون میں آج IOFS سی ایم ڈی، AVNL سنجے دیویدی نے رسمی طور پر یہ کنٹراکٹ حوالہ کیا۔

☆☆☆☆☆

انفوسیس کے بانی نارائنا مورتی کی اہلیہ اور مصنفہ سدھا مورتی نے رکن راجیہ سبھا کی حیثیت سے حلف لیا۔نئی دہلی میں آج نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر نے انہیں اپنے چمبر میں حلف دلایا۔اس موقع پر ان کے شوہر بھی موجود تھے۔واضح رہے کہ بین الاقوامی یوم خواتین کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے سودھا مورتی کی نامزدگی کا اعلان کیا تھا اور سماجی کاموں اور تعلیم میں ان کی خدمات کی سراہنا کی تھی۔سدھا مورتی نے انجینئرنگ کی تعلیم انسٹی ٹیوٹ آف انجینئر سے اعلیٰ اعزاز کے ساتھ حاصل کی تھی جبکہ انہوں نے انجینئرنگ میں ماسٹرس انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس سے حاصل کیا ہے۔انہوں نے اپنے پروفیشنل کیریئر کا آغاز ٹیلکو سے کیا۔

☆☆☆☆☆

ایک ملک، ایک الیکشن، 32 پارٹیاں بیک وقت انتخابات کے حق میں، رپورٹ صدر جمہوریہ کو پیش کردی گئی۔وزارت قانون کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق مجموعی طور پر 47 سیاسی جماعتوں نے کمیٹی کو اپنی تجاویز دی ہیں جن میں سے 32 نے ملک بھر میں ایک ساتھ تمام انتخابات کرانے کی تجویز کی حمایت کی ہے۔سابق صدر رام ناتھ کووند کی صدارت میں ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی نے ''ایک ملک، ایک انتخاب، ایک ساتھ انتخابات ہندوستان کے خواہشمندوں کے لیے اہم ہیں'' کے موضوع پر بحث کی۔لیکن جمعرات کو اس نے اپنی 18,626 صفحات پر مشتمل رپورٹ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو پیش کی۔وزارت قانون کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق مجموعی طور پر 47 سیاسی جماعتوں نے کمیٹی کو اپنی تجاویز دی ہیں جن میں سے 32 نے ملک بھر میں ایک ساتھ تمام انتخابات کرانے کی تجویز کی حمایت کی ہے۔کووند کی قیادت میں کمیٹی کے اراکین نے راشٹرپتی بھون میں محترمہ مرمو سے ملاقات کی اور انہیں رپورٹ کی ایک کاپی پیش کی۔اس موقع پر وزیر داخلہ امیت شاہ، قانون و انصاف کے وزیر مملکت ارجن رام میگھوال بھی موجود تھے۔وزیر داخلہ کے علاوہ کمیٹی کے اراکین میں راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے سابق لیڈر غلام نبی آزاد، 15 ویں مالیاتی کمیشن کے چیئرمین این کے سنگھ، لوک سبھا کے سابق سکریٹری جنرل سبھاش کشیپ، سینئر قانون دان ہریش سالوے اور سابق چیف ویجیلنس کمشنر سنجے کوٹھاری شامل تھے۔مسٹر میگھوال کمیٹی کے خصوصی مدعو رکن تھے۔ڈاکٹر نتن چندرا کو کمیٹی کے سکریٹری کی ذمہ داری سونپی گئی۔یہ کمیٹی 2 ستمبر 2023 کو تشکیل دی گئی تھی۔مرکزی وزارت قانون کے مطابق یہ رپورٹ 191 دنوں کے دوران مختلف اسٹیک ہولڈرز اور ماہرین کے ساتھ وسیع بحث کے بعد اور مختلف تحقیقی مقالوں کی بنیاد پر تیار کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر روڈ ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز نتن گڈکری نے تلنگانہ کیلئے 850 کروڑ روپئے شاہراہوں کی توسیع اور اس کے کاموں کیلئے 31 اسٹیٹ روڈ پراجکٹس کے تحت منظور کیے ہیں جس کے ذریعہ 435 کیلومیٹر طویل روڈ خدمات کے کام انجام دیئے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اس کے ذریعہ علاقہ کی معیشت، علاقائی سیاحت کو مزید فروغ ملے گا۔

☆☆☆☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج سابق رکن پارلیمنٹ اور بی جے پی قائد اے جتیندر ریڈی سے حیدرآباد میں ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ ریونیو منسٹر پی سرینواس ریڈی، ایم ایل سی پی مہیندر ریڈی، وزیراعلیٰ کے ہمراہ موجود تھے۔ اس ملاقات کو سیاسی حلقوں میں اہم مانا جارہا ہے۔ واضح رہے کہ سابقہ رکن پارلیمنٹ بی جے پی کے ٹکٹ پر محبوب نگر حلقہ سے انتخاب لڑنا چاہتے ہیں جبکہ قیادت کی جانب سے سابق وزیر ڈی کے ارونا کے نام کا اس حلقہ سے اعلان کیا گیا ہے۔ ان تمام چیزوں کے پیش نظر وزیراعلیٰ کی ملاقات کو اہم مانا جارہا ہے۔ بہرحال اب تک جتیندر ریڈی یا پھر کانگریس پارٹی کی جانب سے اس تعلق سے کوئی اعلان نہیں کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے ایک مرتبہ پھر واضح کیا ہے کہ شہریت ترمیمی ایکٹ شہریت فراہم کرنے کا حق فراہم کرتا ہے اور اس کے ذریعہ کسی کی شہریت سلب نہیں کی جاسکتی۔ ایک نیوز ایجنسی کو انٹرویو دیتے ہوئے شاہ نے کہا کہ سی اے اے کے ذریعہ افغانستان، پاکستان اور بنگلہ دیش کے ہندو، بدھسٹ، جین، سکھ، عیسائی اور پارسیوں کو شہریت دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہریت ترمیمی ایکٹ کے ذریعہ ہر کسی کو مساوی حقوق حاصل ہیں اور شہریت کی فہرست میں ان کے نام شامل ہونے کے بعد وہ ایم پی اور ایم ایل اے کے لئے مقابلہ بھی کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل رجسٹریشن آف سٹیزنس این آر سی کا سی اے اے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ سی اے اے سے اقلیتوں کو خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے کیوں کہ اس کے ذریعہ کسی کی بھی شہریت ختم نہیں کی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ شہریت حاصل کرنے کیلئے کسی کیلئے بھی دروازے بند نہیں کیے گئے ہیں مسلمان بھی شہریت حاصل کرنے کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

وزارت اطلاعات ونشریات کی جانب سے اٹھارہ اوور دا ٹاپ اوٹی ٹی پلیٹ فارم کو فحش مواد پھیلانے پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ جس میں ڈریمس فلمس، ہنٹرس، ہاٹ شاٹس وی آئی پی، پرائم پے اوران کٹ اڈّہ شامل ہے۔ 19 ویب سائٹس، دس ایپس اور 57 سوشیل میڈیا اکاؤنٹس جوان پلیٹ فارمس سے تعلق رکھتے ہیں کو بھی عوامی استعمال کے زمرہ سے ہٹا دیا گیا ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی ایکٹ 2000 کے تحت یہ فیصلہ لیا گیا۔ اس ضمن میں دیگر وزارتوں، ڈومین ایکسپرٹس، خواتین اور بچوں کے حقوق کے اداروں سے بھی مشورہ لیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

سابق وزیر اور بی آر ایس پارٹی میڑچل کے رکن اسمبلی ملا ریڈی کے کانگریس پارٹی میں شامل ہونے کی قیاس آرائیاں کی جارہی ہیں۔ رکن اسمبلی جو وزیر اعلی ریونت ریڈی کے ساتھ رابطہ میں ہیں اپنے فرزند کیلئے میڑچل لوک سبھا کی نشست کیلئے آنے والے لوک سبھا انتخابات میں سیٹ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ پارٹی ذرائع کے مطابق ملا ریڈی نے حال ہی میں کرناٹک کے وزیر داخلہ ڈی کے شیوا کمار اور دیگر اعلیٰ قائدین کے ساتھ دہلی میں بھی ملاقات کی تھی۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد اور ریاست کے دیگر اضلاع میں کل سے اسکولس آدھا دن کام کریں گے۔ ریاست میں اسکول صبح آٹھ بجے سے ساڑھ بارہ بجے کے اوقات میں کام کریں گے۔ گورنمنٹ اسکولوں میں مڈے میل ساڑھے بارہ بجے دوپہر فراہم کیا جائے گا جبکہ دسویں جماعت کیلئے اسپیشل کلاسیس منعقد کیے جاسکیں گے۔ ایس ایس سی امتحانات منعقد ہونے والے مراکز کے اسکول دوپہر ایک بجے تا پانچ بجے شام تک کام کریں گے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندرمودی ریاست تلنگانہ میں انتخابی مہم چلانے کیلئے اس ہفتہ کے آخر میں تلنگانہ کا دورہ کرسکتے ہیں جس میں وہ عوامی اجلاس سے خطاب کریں گے اور روڈ شوز منعقد کریں گے۔ ملکاجگیری پارلیمانی حلقہ میں کل یہ روڈ شو منعقد ہوگا اور پرسوں ناگر کرنول میں عوامی جلسہ عام منعقد کیا جائے گا جبکہ ایک اور عوامی اجلاس اٹھارہ مارچ کو جگتیال میں منعقد ہوگا۔ بی جے پی پارٹی کی جانب سے یہ بات بتائی گئی۔

☆☆☆☆☆

آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ وائی ایس جگن موہن ریڈی نے آج جگنا تھا گٹو میں ایک ہزار گیارہ کروڑ روپئے کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے نیشنل لا یونیورسٹی کا سنگ بنیاد رکھا۔ کلورومنڈل میں 150 ایکر پر قائم کی جانے والی یونیورسٹی کے نشان کی نقاب کشائی کی۔ اس موقع پر مخاطب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کرنول میں ہائی کورٹ قائم کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ اسٹیٹ ہیومن رائٹس کمیشن اور لوک آیوکت بھی یہاں قائم کرنے کا انہوں نے تیقن دیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اے پی لیگل میٹرولوجیکل کمیشن، لیبر کمیشن، ویاٹ کمیشن، وقف بورڈ اور دیگر ادارہ جات بھی کرنول میں قائم کرنے کا انہوں نے وعدہ کیا۔

☆☆☆☆☆

ٹی ایس پی ایس سی کے بموجب گروپ ون کے لئے درخواستیں داخل کرنے کیلئے تاریخ میں 2 دن کی توسیع کی گئی ہے۔ امیدوار اس بات کو نوٹ کرلیں۔

☆☆☆☆☆